# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 1 کے لئے

# کس کی ٹوپی کیسی ٹوپی



## ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 40 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 40 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ ’بچہ‘ استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

کتاب کے تمام مشکل الفاظ کے flashcards بنا لیں۔ ہر سیشن کے شروع میں ان flashcards کی مدد سے بچوں کو sight words پڑھائیں۔ ہر روز 3 نئے الفاظ متعارف کروائیں اور پہلے کئے گئے الفاظ کی دہرائی کروائیں۔ جب بچے یہ الفاظ دیکھیں اور پڑھیں گے تو انہیں اچھی طرح سے ذہن نشین ہو جائیں گے اور کتاب پڑھنے میں آسانی ہو گی۔

# سیشن 1

**10 منٹ**

- بچوں کو کتابیں دیں۔ انہیں کچھ وقت دیں کہ وہ کتاب کی تصویر دیکھیں۔ بچوں سے بات چیت کریں۔ بچے تصویروں میں بنی ٹوپیوں کو دیکھ کر بتائیں کہ ہر ٹوپی کس کی ہے۔ کیوں اور کب پہنی جاتی ہے۔ مثلاً:
  - باورچی کی ٹوپی کھانا پکاتے وقت تاکہ کھانے میں بال نہ گریں۔
  - دھوپ سے بچنے کی ٹوپی ، کسی خاص جگہ کی ٹوپی وغیرہ

**10 منٹ**

- پوری کتاب روانی سے پڑھ کر سنائیں۔ پھر ہر صفحہ پر بنی تصویر اور text کو ایک ایک کر کے پڑھیں اور اس پر بات چیت کریں۔

**5 منٹ**

- مشکل الفاظ متعارف کروائیں اور بورڈ پر لکھیں۔

**15 منٹ**

- بچے کوپی نکالیں۔ الفاظ کی توڑ جوڑ لکھیں۔ بچے الفاظ کوپی میں اتاریں۔

- ٹ + و + پ + ی = ٹوپی
- ب + ا + و + ر + چ + ی = باورچی
- پ + ی + ش + ے = پیشے
- د + ھ + و + پ = دھوپ
- ت + ا + ر + و + ں = تاروں

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 2 کے لئے ورک شیٹ 1 کی بچوں کی تعداد کے مطابق فوٹو کوپی کروالیں۔

# سیشن 2

**10 منٹ**

- بچے کتاب نکالیں۔ بچوں کے ساتھ ہم آواز ہو کر کتاب پڑھیں۔ ایک لائن خود پڑھیں اور بچے اسے دوبارہ پڑھیں۔



**30 منٹ**

- ورک شیٹ 1 بچوں میں تقسیم کریں۔ نیچے دی ہوئی ہدایات بچوں کو ایک ایک کرکے دیں۔ بچے ہدایت کے مطابق کام کریں ہر ہدایت 3 - 2 مرتبہ دہرائیں۔

1. اوپر بیچ والے خانے میں لال رنگ کی ٹوپی بنائیں۔
2. اوپر دائیں خانے میں گلابی نوکیلی ٹوپی بنائیں۔
3. نیچے بائیں والے خانے میں پیلے رنگ کی ٹوپی بنائیں جس پر نیلے دائرے بنے ہوں۔
4. نیچے دائیں والے خانے میں لمبی ہری ٹوپی بنائیں۔
5. نیچے بیچ والے خانے میں ایک نیلی ٹوپی بنائیں۔
6. اوپر بائیں والے خانے میں نارنجی رنگ کی ٹوپی بنائیں۔
7. درمیان والے خانے میں بھورے رنگ کی ٹوپی بنائیں۔
8. دائیں طرف درمیان والے خانے میں جو ٹوپی بنی ہے اس میں سرمئی رنگ کریں۔
9. بائیں طرف درمیان والے خانے میں جو ٹوپی ہے اس میں کالا رنگ کریں۔
10. پیلی ٹوپی کے گرد ایک لال دائرہ بنائیں۔

# ورک شیٹ 1

نام : ______________________________

| | | |
|---|---|---|
| | | |
|  | |  |
| | | |

# سیشن 3

10 منٹ • فلیش کارڈ کی مدد سے مشکل الفاظ پر کام کریں۔

10 منٹ • 6 - 5 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔

• بچوں سے بات چیت کریں کہ سر پر اور کیا کیا پہنا جاتا ہے۔
بچے شاید جواب دیں:
- تاج، دوپٹہ، کلیپ، پگڑی، رومال، وگ (wig) وغیرہ۔
- بچوں کے جواب سنیں اور بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ اپنی پسند کی کسی بھی دو چیزوں کی تصویر بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔

10 منٹ • بورڈ پر نیچے دیئے ہوئے جملے ایک کے بعد ایک لکھیں۔ ہر جملہ بچوں کو پڑھ کر سنائیں۔ بچے کتاب میں سے دیکھ کر جواب دیں۔ بورڈ پر خالی جگہ میں صحیح جواب لکھیں۔

اونچی ٹوپی __________ کی

لمبی ٹوپی __________ کی

چورس ٹوپی __________ کی


انوکھی ٹوپی __________ کی

حفاظتی ٹوپی __________ کی

## ہوم ورک

10 منٹ • گھر سے ہیٹ پر چپکانے کے لئے چیزیں لائیں۔ مثلاً: ستارے، موتی، کاغذ یا کپڑے سے لئے ہوئے پھول پتے، افشاں، گوٹا، رنگین کاغذ وغیرہ۔

## ہیٹ بنانے کا طریقہ:



## ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 4 کے لئے اخبار کے double pages کا بچوں کی تعداد کے مطابق انتظام کریں۔
کاغذ یا کپڑے کے کاٹے ہوئے پھول ، ستارے موتی ، گوند اور قینچی کا انتظام کریں۔

# سیشن 4

**40 منٹ**
- ہدایت کے مطابق بچوں کے لئے اخبار سے ہیٹ بنوائیں۔ جب ہیٹ بن جائے تو بچے اپنے ہیٹ کو اپنی پسند سے سجائیں۔

# سیشن 5

**5 منٹ**
- فلیش کارڈ کی مدد سے مشکل الفاظ کی دھرائی کروائیں۔

**15 منٹ**
- مختلف پیشوں کے نام بچوں سے پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ انگریزی ترجمہ بھی بچوں سے پوچھ کر ساتھ ساتھ لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

| english | اردو | english | اردو |
|---|---|---|---|
| pilot | پائیلٹ | cook | باورچی |
| carpenter | بڑھئی | magician | جادوگر |
| doctor | ڈوکٹر | gardener | مالی |
| fireman | فائر مین | nurse | نرس |
| potter | کمہار | policeman | پولیس مین |

15 منٹ • بچے اپنے پسند کے پیشے کے آدمی کی تصویر بنائیں اور اس کا نام لکھیں۔ تصویر میں رنگ بھریں۔

### ہوم ورک

5 منٹ • سیشن 5 کے لئے کسی بھی پیشے سے متعلق کوئی prop لے کر آئیں۔ مثلاً:

باورچی کی ٹوپی یا ڈوئی' ڈوکٹر کا کوٹ' دل کی آواز سننے کا آلہ' کھرپی' جھاڑو' پولیس مین (policeman) کی ٹوپی' جادوگر کی ٹوپی۔

## سیشن 6

40 منٹ • رول پلے : بچوں کو دو دو یا بڑے گروپ میں تقسیم کریں اور مختلف situation پر رول پلے کروائیں۔ کردار آپس میں بات چیت کریں۔ کچھ situation یہ ہو سکتی ہیں۔ ٹیچر ان کو اور situation بھی دے سکتی ہیں۔

- ڈوکٹر hospital میں operation کے دوران۔
- ایک پولیس والا ڈرائیور کے ساتھ جس نے driving rule توڑا۔
- ایک stewardess ہوائی جہاز میں حفاظتی اقدامات بتاتے ہوئے۔
- ایک نرس hospital میں مریض سے بات کرتے ہوئے۔
- جادوگر جادوگری دکھاتے ہوئے۔
- باورچی کھانا پکاتے ہوئے۔

# کس کی ٹوپی کیسی ٹوپی

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk